ضرب الامثال

ضرب الامثال کے معنی ہیں ’’کہاوت‘‘ جبکہ اِسے انگریزی میں (Proverb) کہتے ہیں۔ضرب الامثال اگرچہ چند الفاظ پر مشتمل ہوتی ہے مگر اِس کا مطلب بہت وسیع اور مفصل ہوتا ہے۔ضرب الامثال انسان کے بہترین یا تلخ تجربات کا نچوڑ ہوتی ہے۔محاورات کی طرح ضرب الامثال کے الفاظ بھی اپنے حقیقی معنوں میں استعمال نہیں ہوتے اور نہ ہی اِن کے الفاظ تبدیل ہو سکتے ہیں۔

نمبر شمار	ضرب الامثال	مفاہیم
۱	اندھے کے ہاتھ بٹیر	کسی شخص کو اس کی حیثیت یا لیاقت سے بڑھ کر چیز ملنا
۲	ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا	کام نہ آئے مگر حیلے بہانے سے ٹالنا
۳	برے وقت سب آنکھ چراتے ہیں	مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا
۴	گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے	خطا کار کے ساتھ بے قصور بھی مارا جاتا ہے
۵	رسی جل گئی پر بل نہ گیا	دولت اور عزت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا
۶	جس کا کام اُس کو ساجھے	جو کام جانتا ہو وہی کر سکتا ہے
۷	اندھا کیا جانے بسنت کی بہار	ناواقف آدمی اچھی چیز کی قدر نہیں کرتا
۸	چور کی داڑھی میں تنکا	چور خود اپنی پریشانی سے پہچانا جاتا ہے
۹	کام کا نہ کاج کا، دُشمن اناج کا	سست اور کاہل انسان جسے کھانے کے سوا کوئی کام نہ ہو
۱۰	کوّا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا	اپنی اوقات سے بڑھ کر کوئی کام کرنے کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے۔

نوٹ: ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران بھی ضرب الامثال کی نشاندہی کروائی جائے۔

The City School